نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں رواں سیزن کے دوران کپاس کی پیداوار میں گزشتہ سال کی نسبت تاحال 54 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔صوبائی وزیرزراعت سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور05دسمبر2021: صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ گزشتہ سال کی نسبت رواں مالی سال کے دوران صوبہ پنجاب میں کپاس کی پیداوار میں 54 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (پی سی جی اے) کی جانب سے کپاس کے پیداواری اعداد وشمار جاری کردیئے گئے ہیں جس کے مطابق گزشتہ سیزن کے مقابلے رواں سیزن میں اب تک کپاس کی پیداوار میں 54.22 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔رواں برس یکم دسمبر تک 71 لاکھ 68 ہزار ایک سواٹھارہ گانٹھ کپاس فیکٹریوں میں آئی ہے جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں 46 لاکھ 48 ہزار 118 گانٹھ کپاس فیکٹریوں میں آئی تھی۔فیکٹریوں میں 25 لاکھ بیس ہزار 26 گانٹھ زائد کپاس آئی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں کپاس 36 لاکھ 79 ہزار سولہ فیکٹریوں میں آئی ہے جبکہ گزشتہ سال 26 لاکھ 34 ہزار 487 گانٹھ کپاس فیکٹریوں میں آئی تھی۔رواں کاٹن سیزن میں دس لاکھ چوالیس ہزار 529 گانٹھ زائد کپاس فیکٹریوں میں آئی ہے۔اس طرح صوبہ پنجاب پیداوار میں اضافے کی شرح 39.65 فیصد رہی ہے۔صوبائی وزیر نے کپاس کی پیداوار میں اضافہ کوخوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین سال کے مقابلے میں زائد کپاس کی پیداوار سے کاشتکاروں جنرز اور ٹیکسٹائل انڈسٹری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔کپاس کی پیداوار میں اضافہ حکومت کی کسان دوست پالیسیوں،محکمہ زراعت کے عملہ اور کاشتکاروں کی محنت کی بدولت ہوا۔

☆☆☆☆